Serial No. of Answer Book

KT-XII-14(A)

# تاریخ اسلام (بارھویں)

Roll No.

Fic No. ____________

---

ہال میں موبائل فون لانا بالکل منع ہے

Fic No. ____________

وقت: 3 گھنٹے　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کل نمبرات: 100

نوٹ: اس پرچے کے تین سیکشن ہیں۔ سیکشن الف، ب اور ج۔ سیکشن الف کو مقررہ وقت کے اندر حل کر کے سپرنٹنڈنٹ صاحب کے حوالے کردیں۔

## سیکشن "الف"

وقت: 20 منٹ　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　نمبر: 20

سوال 1 ہر جز کے چار ممکنہ جوابات (الف، ب، ج، د) دیے گئے ہیں۔ درست جواب کا انتخاب سکر کے سامنے دیے گئے خانے میں لکھیں۔

(i) ابوالعباس السفاح کا اصل نام کیا تھا؟

الف) محمد　　ب) احمد　　ج) عبداللہ　　د) علی

(ii) صلاح الدین ایوبی نے بیت المقدس کس سال فتح کیا؟

الف) 1180ء　　ب) 1182ء　　ج) 1187ء　　د) 1190ء

(iii) کس خلیفہ نے علویوں اور فاطمیوں کو عام معافی دی؟

الف) مامون　　ب) المہدی　　ج) ہارون　　د) ابوجعفر منصور

(iv) ابو مسلم خراسانی کے قتل کا حکم کس نے دیا؟

الف) ابوجعفر منصور　　ب) ابوالعباس اسفاح　　ج) مامون　　د) امین

(v) امام ابویوسف کو کس نے قاضی القضاۃ بنایا؟

الف) ہارون الرشید　　ب) المہدی　　ج) الہادی　　د) مامون الرشید

(vi) ملکہ زبیدہ کس کی بیوی تھی؟

الف) ابوجعفر منصور　　ب) المہدی　　ج) ہارون الرشید　　د) الہادی

(vii) خلافت عباسیہ کا آخری خلیفہ کون تھا؟

الف) معتصم　　ب) واثق　　ج) متوکل　　د) مستعصم باللہ

(viii) "مقدمہ" کس نے لکھی؟

الف) ابن حیان　　ب) ابن سینا　　ج) ابن خلدون　　د) یعقوبی

(ix) عبدالرحمٰن کو بربروں نے کہاں پناہ دی؟

الف) فلسطین　　ب) مصر　　ج) افریقہ　　د) شام

(x) ابوالولید احمد بہت مشہور ـــــــــــــــ تھا۔

الف) شاعر　　ب) حکمران　　ج) سیاح　　د) فلسفی

(xi) الزہرا محل کس نے تعمیر کرایا؟

الف) ہشام ثانی　　ب) عبدالرحمٰن ثانی　　ج) سلیمان　　د) عبدالرحمٰن ثالث

(xii) عبدالرحمٰن الداخل نے سپین پر کتنے سال حکومت کی؟

الف) 25 سال　　ب) 33 سال　　ج) 20 سال　　د) 40 سال

(xiii) قرطبہ کی مسجد کی تعمیر کس نے شروع کی؟

الف) عبدالرحمٰن-II　　ب) عبدالرحمٰن-I　　ج) عبدالرحمٰن-III　　د) عبدالرحمٰن-IV

(xiv) سپین میں خلیفہ کا خطاب کس نے اختیار کیا؟

الف) عبدالرحمٰن-I　　ب) ہشام-I　　ج) محمد-I　　د) عبدالرحمٰن-III

(xv) سپین کس نے فتح کیا؟

الف) قتیبہ بن مسلم　　ب) طارق بن زیاد　　ج) موسیٰ بن نصیر　　د) ہشام

(xvi) کس مضمون میں ابن خلدون نے گراں قدر کردار ادا کیا؟

الف) تاریخ　　ب) جغرافیہ　　ج) ریاضی　　د) کیمیا

(xvii) ہارون نے اپنے کس استاد کو اپنا وزیر مقرر کیا؟

الف) خالد برمکی　　ب) یحییٰ برمکی　　ج) فضل برمکی　　د) جعفر برمکی

(xviii) "کتاب الخراج" کس نے لکھی؟

الف) امام ابوحنیفہ　　ب) امام مالک　　ج) امام ابویوسف　　د) امام حنبل

(xix) موحدین تحریک کس سال شروع ہوئی؟

الف) 1110　　ب) 1115　　ج) 1120　　د) 1125

(xx) اندلس کے کس حکمران نے اپنے لئے امیر المومنین کا لقب منتخب کیا؟

الف) 400　　ب) 500　　ج) 600　　د) 700

Result.pk

KT-XII-14(A)

# تاریخ اسلام (بارھویں)

وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ

کل نمبر: 80

## سیکشن "ب"

نمبر: 50

سوال 2 مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے (دس) اجزاء حل کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر مساوی ہیں۔

(i) سپین کے پانچ مسلم طبیبوں کے نام لکھئے۔

(ii) مسلم سپین میں کپڑا بننے کے اہم مراکز کے نام لکھئے۔

(iii) پہلی صلیبی جنگ پر مختصر نوٹ لکھیں۔

(iv) عہد عباسی میں فن تعمیر کی ترقی پر مختصر نوٹ لکھیں۔

(v) بیت الحکمہ کی اہمیت بیان کریں۔

(vi) ہلاکو خان کے حملہ بغداد پر مختصر نوٹ لکھئے۔

(vii) ابوالعباس السفاح نے بنوامیہ کے ساتھ کیسا سلوک کیا؟

(viii) جنگ ذاب پر مختصر نوٹ لکھئے۔

(ix) عبدالرحمٰن الناصر عظیم معمار کیوں کہلاتا تھا؟

(x) مسلم عہد میں سپین میں زراعت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(xi) ابومسلم خراسانی کے کردار پر مختصر روشنی ڈالئے۔

(xii) نورالدین زنگی کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

(xiii) بنوعباس کے زوال کے تین بڑے اسباب بیان کریں۔

## سیکشن "ج"

نمبر: 30

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے تین سوالات کے جوابات لکھیں۔ ہر سوال کے نمبر برابر ہیں۔

سوال 3 ابوجعفر منصور کے کارنامے تحریر کریں۔

سوال 4 امین الرشید اور مامون الرشید کے درمیان خانہ جنگی کی وجوہات بیان کریں۔

سوال 5 سپین کی سیاسی حالت بیان کیجیے۔ جس نے سپین میں اموی اقتدار کا راستہ ہموار کیا۔

سوال 6 یوسف بن تاشفین کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں۔ اس نے کس طرح مسلم اندلس کو عیسائیوں سے محفوظ کیا۔

☆☆☆

Result.pk